سوال

(411) عیدین کی نماز میں زوائد تکبیریں یعنی الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدین کی نماز میں زوائد تکبیریں یعنی پہلی رکعت میں سات اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں کیا یہ صحیح حدیث سے ثابت ہیں ؟ اگر ثابت ہیں تو حدیث با حوالہ تحریر فرمائیے ؟ (محمد یونس شاکر)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں ثابت ہیں۔

[((عَن عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم کَانَ یُکَبِّرُ فِی الْفِطْرِ وَالْأَضْحٰی فِی الْأُولٰی سَبْعَ تَکْبِیْرَاتٍ وَفِی الثَّانِیَۃِ خَمْسًا))

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحی میں پہلی رکعت میں سات تکبیریں کہتے اور دوسری رکعت میں پانچ۔'']

ابوداود المجلد الاول کتاب الصلوٰۃ باب التکبیر فی العیدین] اسے امام احمد اور علی بن مدینی نے صحیح کہا ہے۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 347

محدث فتویٰ